تہمینہ عباس

# اشاریۂ اردو

## انجمن ترقئ اردو پاکستان، کراچی

جلد: ٩٣، شمارہ: ٢-١ (جنوری۔ جون ٢٠١٧ء)

| شمار | مقالہ نگار | عنوان | صفحہ | خلاصہ | کلیدی الفاظ |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | سرسیّد احمد خاں/ اصغر عباس | ضلع علی گڑھ کی تعلیمی مردم شماری پر سرسید کا نایاب رسالہ | ٧ | ضلع علی گڑھ کی تعلیمی مردم شماری پر سرسید کا نایاب رسالہ، سرسید احمد خان کی تحریر ہے جو پروفیسر اصغر عباس کی مرتب کی ہے۔ اس تحریر یا مقالے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس زمانے میں ضلع علی گڑھ کے مسلمانوں کی تعلیمی صورت حال کیا تھی، اور مسلمان طلبہ کی تعداد کتنی تھی۔ | ضلع علی گڑھ، تعلیمی مردم شماری، نایاب رسالہ، سرسید احمد خاں، پروفیسر اصغر عباس، تعلیمی صورتِ حال، ضلع علی گڑھ کے مختلف علاقوں میں طلبہ کی تعداد اور مسلمان۔ |
| ٢ | محمد حمزہ فاروقی | مہر و سالک اور زمیندار | ٦٦ | غلام رسول مہر اور عبدالمجید سالک، مولانا ظفر علی خان کے زمیندار میں معاونین تھے لیکن بعد میں زمیندار سے الگ ہو کر انھوں نے انقلاب جاری کیا۔ اس مقالے میں ادبی اور صحافتی تاریخ کے علاوہ سیاسی تاریخ کے حوالے سے بھی کئی اشارے موجود ہیں۔ نیز غلام رسول مہر اور عبدالمجید سالک کے مولانا ظفر علی خاں سے تعلقات اور ان تعلقات میں دراڑ کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے۔ | زمیندار، انقلاب، مہر، سالک، ظفر علی خان اور صحافت، برعظیم پاک و ہند میں سیاسی و تاریخی واقعات و حالات۔ |
| ٣ | مرزا خلیل احمد بیگ | اردو قواعد نویسی کی روایت | ٨٧ | کسی بھی معیاری زبان کے لیے قواعد بہت ضروری ہیں۔ قواعد یں زبان کی تفہیم میں بہت معاون ثابت ہوتی ہیں۔ اس مقالے میں اردو قواعد نویسی کی روایت کا جائزہ تاریخی اور موضوعی نکات کو پیش نظر رکھ کر کیا گیا ہے۔ جوں جوشوا کیٹیلر، ڈیوڈ ملز، بنجمن شلز، کیپٹن جارج ہیڈلے، جان، گل کرسٹ، جان شیکسپیئر، کیپٹن ولیم پرائس، گارسیں دتاسی، ولیم ییٹس، جیمز رابرٹ، بیلن ٹائن، ڈنکن فاربس، مونیٹر ولیمز، جان ڈاؤسن، جان ٹی پلیٹس، ایڈورڈ ہنری پامر، کیمیلو تگلیابو، اے اسیڈل، جارج اسمال، کی اردو قواعد کا مختصر جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ | اردو قواعد، اردو قواعد کی تاریخ، قواعد کی مختلف اقسام، فہرستِ کتابیاتِ قواعدِ اردو۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | رفاقت علی شاہد | دیوانِ نسیم لکھنوی کا بنیادی نسخہ اور طرزِ کتابت | ۱۲۲ | دیا شنکر نسیم لکھنوی مثنوی گلزارِ نسیم کے خالق ہیں۔ ان کا مختصر مطبوعہ دیوان، جس طرزِ کتابت اور املا میں شائع ہوا ہے اس سے بڑی الجھن ہوتی ہے۔ اس مقالے میں دیوان نسیم لکھنوی کے ''نیٹو کرشچن آرفن پریس'' سے شائع ہونے والے نسخے کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ | دیا شنکر، نسیم لکھنوی، مثنوی، گلزار نسیم، دیوانِ نسیم، اردو املا، اردو کتابت، املا کے اصول۔ |
| ۵ | فاطمہ حسن | حلّاج کا تصورِ عشق اور سچل | ۱۳۴ | شاعروں اور صوفیوں میں منصور حلّاج ایک استعارہ ہیں۔ انا الحق کا نعرہ، منصور حلاج کی شناخت ہے۔ یہ نعرہ سفر کرتا ہوا وادی سندھ میں بھی داخل ہوا۔ اور منصور حلاج کے تصورِ عشق کے اثرات سچل سرمست کی شاعری پر بھی نظر آتے ہیں۔ اس مقالے میں سچل سرمست کی | شاعر، صوفیہ، منصور حلاج، انا الحق، وادی سندھ، سچل سرمست، سچل کی شاعری۔ |
| | | | | شاعری پر منصور حلاج کے تصورِ عشق کے اثرات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ | |
| ۶ | تحسین بی بی | مسعود اشعر کے افسانوں میں سیاسی شعور | ۱۴۲ | مسعود اشعر اردو افسانے کا ایک جانا پہچانا نام ہیں۔ ان کا شمار جدید رجحان رکھنے والے افسانہ نگاروں میں ہوتا ہے۔ وہ ملکی، سیاسی حالات پر گہری نظر رکھنے والے ادیب ہیں۔ ان کے افسانوں کے موضوعات بھی سیاست سے پیدا شدہ کرب اور معاشرتی رویوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس مقالے میں مسعود اشعر کے افسانوں میں سیاسی شعور کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ | مسعود اشعر، جدید رجحان، اردو افسانہ، افسانوں کے موضوعات، معاشرتی رویّے، سیاسی و سماجی حالات۔ |
| ۷ | فتح محمد ملک | Lal Shahbaz Qalandar and The Popular Image of Sainthood in Pakistan | 3 | لال شہباز قلندر، پاکستان کے مشہور صوفی بزرگ ہیں ان کا مزار سیہون شریف سندھ میں ہے۔ لال شہباز قلندر فارسی کے شاعر تھے۔ اس مقالے میں لال شہباز قلندر کی فارسی شاعری کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ | لال شہباز قلندر، فارسی شاعری، تصوف، صوفیوں کا عوامی انداز اور مقبولیت۔ |